© rasailojaraid.com

٦٥

ہے۔ اسی طرح انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ''بانیٔ اسلام،، (ص ٦٥) اور آپؐ کی بعثت کو ''طلوع اسلام،، (ص ۴۷) قرار دیا ہے۔ یہ بھی درست نہیں کیونکہ جملہ انبیاء کرام جس دعوت کو پیش کرتے رہے وہ ''اسلام،، ہی کی دعوت تھی۔ آپؐ نے کسی نئے ''اسلام،، کی بنیاد نہیں رکھی بلکہ انبیائے سابقہ کے پیش کردہ اسلام ہی کی تجدید و تکمیل فرمائی۔ صفحہ ۵۳ پر لکھتے ہیں: ''دین حقہ کا آفاقی پیغام پہنچانے کے لئے۔۔،، ''دین حق،، ہونا چاہئے تھا۔ صفحہ ۵۵ پر لکھتے ہیں: ''اسلام کا سیلاب بلا چاروں طرف سے مکہ کی طرف یلغار کررہا تھا،،۔ یہاں ''سیلاب بلا،، کی ترکیب درست نہیں۔

بہر حال بعض کوتاہیوں اور خامیوں کے باوجود، راجہ محمد شریف صاحب کی زیر نظر تألیف مفید اور قابل قدر اور لائق مطالعہ ہے۔

(رفیع الدین ہاشمی)

---

**ابدالیہ**

مؤلف: مولانا یعقوب چرخی

مترجم: محمد نذیر رانجھا نوشاہی نقشبندی

ناشر: اسلامک بک فاؤنڈیشن۔ ۲۴۹۔ این سمن آباد۔ لاہور

صفحات: ۴۸ قیمت: ۵ روپے

''ابدالیہ،، تصوف کے موضوع پر حضرت یعقوب چرخی (م ۸۵۱ھ) کا ایک مختصر رسالہ ہے جس کے خطی نسخے تو ملتے تھے مگر ابھی تک زیور طباعت سے آراستہ نہیں ہوا تھا۔ اس رسالہ میں صوفیانہ انداز میں اولیاء اللہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی صفات بیان کی گئی ھیں ۔

جناب محمد نذیر رانجھا صاحب سلسلہ نقشبندیہ سے منسلک ھیں اور صوفیائے نقشبند سے عقیدت کی بنا پر انھوں نے رسالہ ''ابدالیہ،، ایڈٹ کیا ۔ اصل فارسی متن کی اشاعت مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد کے پروگرام میں شامل ھے ۔ رانجھا صاحب نے ترتیب و تدوین کے علاوہ ''ابدالیہ،، کو اردو کا جامہ بھی پہنا دیا جو پیش نظر ھے ۔ زیر نظر ترجمہ کے ساتھ انھوں نے حواشی و تعلیقات کا اضافہ کیا ھے اور آغاز میں مؤلف حضرت مولانا یعقوب چرخی کے حالات بھی لکھے ھیں ۔

دوران مطالعہ مندرجہ ذیل اغلاط محسوس ھوئیں ۔ امید ھے کہ اصل متن کی اشاعت میں انھیں درست کر لیا جائے گا ۔

۱ ۔ مقدمہ میں مولانا یعقوب چرخی کا شجرۂ نسب یہ لکھا گیا ھے ''یعقوب بن عثمان بن محمود بن محمد بن محمود،، ۔ لیکن صفحہ ۱۷ پر اصل متن میں مولانا یعقوب کے والد کا نام نہیں آیا ۔

۲ ۔ مولانا یعقوب چرخی کی تصنیفات میں سعید نفیسی کے حوالے سے ''روائح،، کو ان کی طرف منسوب کیا گیا ھے جو درست نہیں ۔ ''روائح،، مولانا یعقوب چرخی کے ھم نام کشمیری عالم شیخ یعقوب صرفی (م ۱۲ ذی الحجہ ۱۰۰۳ھ) کی تصنیف ھے جو مطبع منشی نولکشور لاھور سے ۱۳۲۳ھ میں شائع ھو چکی ھے ۔

۳ ۔ متن میں مندرج قرآنی آیات کا ترجمہ حواشی میں ھونا چاھئے ۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رانجھا صاحب فارسی سے اردو ترجمہ کرنے کا اچھا ملکہ رکھتے ھیں اور اگر انہوں نے تراجم کا سلسلہ جاری رکھا تو ان سے کافی توقعات وابستہ کی جا سکتی ھیں ۔ موصوف اور اسلامک بک فاؤنڈیشن کے کار پرداز اس پیشکش پر مبارکباد کے مستحق ھیں ۔ فاؤنڈیشن نے طباعت کا عمدہ معیار قائم کیا ھے ۔

(اختر راھی)

---

## تعارف قران

۸۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب حافظ قاری فیوض الرحمن کی ایک اچھی علمی کوشش ھے جس کو پاکستان بک سنٹر لاھور نے شائع کیا ھے ۔ اس میں لفظ ''قرآن،، کی لغوی تشریح، وحی پر مفصل بحث، نزول قرآن اور قرآن کریم کی حفاظت پر دلنشین پیرائے میں گفتگو کی گئی ھے ۔ قاری موصوف ایک عرصہ سے گورنمنٹ کالج ایبٹ آباد میں علوم اسلامیہ کے استاذ ھیں ۔ وہ طلبہ کی نفسیات اور ذھنی ساخت سے بخوبی واقف ھیں ۔ اور یہ کتاب چونکہ طلبہ ھی کے لئے لکھی گئی ھے اس لئے اپنے مقصد میں پوری طرح کامیاب ثابت ھوئی ھے ۔ البتہ جہاں انہوں نے قرآن مجید کے اھم اردو تراجم کا ذکر کیا ھے وھاں انہوں نے مولانا احمد رضاخاں کے ترجمے کو نظر انداز کردیا ھے ۔ کتاب کی طباعت عمدہ ھے ۔ قیمت صرف ایک روپیہ پچاس پیسے ھے جو زیادہ نہیں ھے ۔

(جی اے حق محمد)



© rasailojaraid.com